www.KitaboSunnat.com

مولانا سعید مجتبیٰ السعیدی
ایم۔اے

تبصرۂ کتب

نام کتاب : سادات بنی رقیہ رضی اللہ عنہا
مصنف : حکیم فیض عالم صدیقی رحمہ اللہ
قیمت : اکیس ۲۱ روپے
ناشر : حکیم فیض عالم صدیقی، محلہ مستریاں، جہلم

محترم مولانا حکیم فیض عالم صدیقی مرحوم جماعت کے ایک معروف اہل قلم گزرے ہیں ان کا خیال تھا کہ تاریخ اسلام میں درج بہت سے واقعات شیعہ ذہن کی اختراع ہیں جن کا حقیقت سے دُور کا بھی تعلق نہیں۔ مرحوم کا شیعیت اور تاریخ کے موضوعات پر مطالعہ پر بڑا گہرا، وسیع اور ناقدانہ تھا۔ شیعہ کی مخالفت میں اس قدر آگے نکل چکے تھے کہ اہلسنت اور اہل حدیث ہونے کے باوجود صحیح بخاری تک کی بعض احادیث کی صحت کا انکار کرتے تھے۔ ان کی زبان وقلم میں تندی وترشی بہت تھی۔ ان میں حد درجہ خود اعتمادی تھی یہاں تک کہ بزرگ علمائے اہلحدیث کی تحقیقات کو بھی اپنی تحقیق کے مقابلہ میں کچھ اہمیت نہ دیتے تھے۔

آپ متعدد کتابوں کے مصنف ہیں۔ آپ کی مصنفہ کتابوں میں سے ایک کتاب "سادات بنی رقیہ" ہے۔

امیر المؤمنین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو، آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دُہرا داماد ہونے کا شرف حاصل تھا۔ عام کتابوں میں آپ کے صاحبزادے عبداللہ کا ذکر ملتا ہے کہ بچپن میں مرغ نے اس کی آنکھ میں ٹھونگ ماری جس سے ان کی موت واقع ہو گئی۔

مصنف کو اس واقعہ سے اختلاف ہے اور اسے شیعہ کی اختراع قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے اس کتاب میں اپنے مخصوص انداز تحقیق سے ثابت کیا ہے کہ یہ واقعہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ